RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ محرم الحرام ۱۳۳۰ھ مطابق ۲۵ دسمبر ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	جو مستورات غیر خاندانی اہل خاندان کے حبالہ عقد مین آئی ہین انکے مقدمات کونسل خاندان مین طے ہونگے	۱و۲
۲	رخصت صاحبزادہ سفیر احمد خان اہلمد دفتر انگریزی	۲
۳	رخصت نائب تحصیلدار حضور تحصیل	۲
۴	درخواست خرید ہتھیار کے ساتھ تخمینہ مفصل ہوا کرے ...	۲
۵	موقوفی نائب چپڑاسی مختار عام	۳
۶	اضافہ علی شاد خان تحویلدار خاصہ	۳
	بوجہ تعطیلات کے صدر رسید نقشہ نرخنامہ اجناس نہیں آیا	

روبکار اجلاس ممبر صاحبان کونسل خاندان

واقع ۷ نومبر ۱۹۱۱ء

۲۴ ستمبر ۱۹۱۱ء کو ایک عرضداشت اجلاس ہمایون حضور پرنور دام ملکہم مین بایں مضمون پیش کیگئی ہے کہ مسماۃ حیدری بیگم قوم افغان زوجہ صاحبزادہ حشمت علیخان بہادر نے ایک مقدمہ بنام صاحبزادے عنایت حسین خان بہادر دعوے حق حضانت کونسل خاندان مین

پیش کیا ہے اور حسب منشاء روبکار اجلاس ہمایون مورخہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۱۰ء عدالت کونسل خاندان مین وہ مقدمات قابل سماعت ہین جنمین فریقین خاندانی ہون نظر برین عدالت ہذا مین یہ مسئلہ زیر بحث ہے کہ صاحبزادہ حشمت علیخان بہادر کے نکاح مین آجانے سے مسماۃ مذکورہ کیا اس حد مین آسکتی ہے کہ اوسکو خاندانی کی مثل مانکر مقدمہ کونسل خاندان مین سماعت کیا جائے لہذا عرضداشت ہذا استصوابًا حضور معلی مین پیش کرکے گذارش ہے کہ اگر مسماۃ مذکورہ ڈومنی صاحبزادہ موصوف ثابت ہوجاے اور اونکے انتقال کے بعد اس تعلق اور سلسلہ کی قطع کرنیوالی کوئی صورت پیش نہ آئی تو کیا یہ مقدمہ کونسل خاندان مین سماعت کیا جاے اور آئندہ ایسے فریقین کے مقدمات کونسل خاندان مین سُنے جایا کرین یا نہین جو حکم ہو تعمیل کی جاے۔

بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے بعد ملاحظہ ارشاد فرمایا کہ جو عورتین غیر خاندانی اہل خاندان کے حبالۂ عقد مین آئی ہین جب وہ کسی مقدمہ مین فریق مقدمہ اہل خاندان ہون تو وہ مقدمہ کونسل خاندان مین دائر ہونے کے واسطے ہونا چاہئے لہذا۔

حکم ہوا کہ

بغرض اطلاع عام روبکار ہذا کی ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے ارسال کیجاے اور ایک نقل اجلاس کے فائل بک مین لکھی جاے

[illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۳ دسمبر ۱۹۱۱ء

صاحبزادہ سفیر احمد خان اہلمد دفتر انگریزی کی رخصت ایک مہینہ کی بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔

۱۶ دسمبر ۱۹۱۱ء

حسب سفارش تحصیلدار صاحب حضور تحصیل رخصت یکہفتہ مرزا شوکت علیخان نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی بوجہ علالت ۱۳ دسمبر سے منظور ہوگئی۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۱۵ دسمبر ۱۹۱۱ء

اکثر ملاحظہ ہوا کہ صیغہ جات ماتحت سے جو درخواستین بابت منظوری خرید اشیاء موصول اجلاس ہذا ہوتی ہین اونمین تخمینہ قیمت اشیاء تحریر نہین ہوتا ہے تخمینہ قیمت اشیاء دریافت کرنیکے لئے کاغذات واپس کرنا پڑتے ہین جسکی وجہ سے حکم منظوری صادر ہونے مین دیر ہوتی ہے اور دوران کاغذات بڑھتا ہے یہ طریقہ مناسب نہین معلوم ہوتا آئندہ سے جو درخواستین برائے منظوری خرید اشیاء ارسال اجلاس ہذا کیجائین اون مین ہر ایک چیز کی تخمینی قیمت تحریر ہونا چاہئے تاکہ اوسکے ملاحظہ سے قیمت اشیاء کا اندازہ ہوسکے لہذا۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا جملہ صیغہ جات ماتحت کو بھیجی جاے کہ حسب احکام بالا تعمیل کیجاے اور ایک نقل اس روبکار کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
موقوفی

۳۰ر نومبر ۱۹۱۱ع

حسب درخواست فدا علی ولد ہدایت اللہ ٹھیکہ دار عمارت شب چراغ مختار عام ٹھیکہ دار مذکور خدمت مختار عامی سے موقوف ہوا اور عدالت ہائے صیغہ جوڈیشل کو مطلع کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر
واقع ۹ر دسمبر ۱۹۱۱ع

علی شاہ خان تحویلدار خاصہ باورچیخانہ ہندوستانی کو بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے جناب افسر صاحب کارخانہ جات اُنکے کام سے خوش ہیں۔ اور اضافہ تنخواہ چاہتے ہیں لہذا۔

حکم ہوا کہ

دو روپیہ ماہوار نامبردہ کی تنخواہ میں اضافہ کیا جاوے آیندہ علی شاہ خان چودہ روپیہ ماہوار تنخواہ پائیگا۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا